www.sgbauonline.com

**AU–1980**

## B.A. (Part—III) Examination
## URDU LITERATURE
## (Optional Subject)
## (Literature of Modern Languages)

Time : Three Hours] [Maximum Marks : 100

سوال نمبر۱۔ مندرجہ ذیل اقتباسات میں سے کسی دو کی وضاحت ضروری نکات کے ساتھ کیجئے۔ 20

(الف) ’’ فطرت کی فیاضیوں نے شعر سے مزہ لینے کی صلاحیت ہر دل کو عطا کی ہے مگر بعض لوگ اس عطیۂ الٰہی سے کبھی کام نہیں لیتے ۔ ان کو اس ناقدری کی سزا ملتی ہے اُن سے صلاحیت چھن جاتی ہے اور ان کی روحانی مسرتوں کا ایک بہت بڑا چشمہ خشک ہو جاتا ہے۔ یہ فطرت کے گناہ گار شعر و شاعری کو بے فائدہ سمجھنے لگتے ہیں۔ یہ سچ ہے کہ شعر سے لازمی طور پر کوئی مالی فائدہ حاصل نہیں ہوتا لیکن اگر ذہن کی تیزی، دل کی شگفتگی، روح کی بیداری اور اخلاق کی استواری کا شمار بھی فائدوں میں ہے تو شعر و شاعری کے مفید ہونے کا کون انکار کرسکتا ہے؟‘‘

(ب) ’’جو صنعتیں حقیقت میں شاعری اور انشاء پردازی سے کوئی تعلق نہیں رکھتیں ان سے کلام میں حسن تو آ ہی نہیں سکتا۔ البتہ ان لایعنی تکلفات کے التزام سے کلام میں تصنع، اجنبیت، ناہمواری، بے ربطی اور طرح طرح کے عیب پیدا ہو سکتے ہیں۔ ان صنعتوں کے استعمال کا انتہائی کمال یہ ہے کہ کلام میں کوئی نقص پیدا نہ ہونے پائے اس میں شک نہیں کہ ان صنعتوں کا استعمال بھی بجائے خود ایک مشکل صنعت ہے اور جب تک ایک خداداد صلاحیت کی تائید حاصل نہ ہو کوئی شخص ان کے استعمال پر غیر معمولی قدرت نہیں رکھ سکتا۔ لیکن صنعتوں کے استعمال کا ملکہ اور چیز ہے اور شاعرانہ بیان کی قدرت اور چیز ہے جو شخص ان صنعتوں میں کمال رکھتا ہے وہ شاعر نہیں بلکہ ایک طرح کا بازیگر اور شعبدہ باز ہے جو حرفوں کے جوڑ توڑ اور لفظوں کے الٹ پھیر سے طرح طرح کے کرتب دکھا کر لوگوں کو حیرت میں ڈالتا ہے۔‘‘

(ج) اردو شاعری کے خیالات و جذبات تو ہندوستانی ہی ہیں وضع و لباس بھی ہندوستانی ہے مگر اس میں شک نہیں کہ اس کی محفل کی آرائش میں دیسی چیزیں کم استعمال کی گئی ہیں۔ استعاروں، تشبیہوں اور تلمیحوں میں زیادہ تر ان ہی اشیاء اور ان ہی واقعات کی طرف اشارہ کیا گیا ہے جنہیں خاکِ ہندوستان سے کوئی تعلق نہیں۔ وطن پرستوں کی تجویز ہے کہ یہ سب چیزیں اردو شاعری کی محفل سے ہٹا دی جائے اور خاص ہندوستانی چیزوں کو جگہ



www.sgbauonline.com

www.sgbauonline.com

دی جائے دلیل یہ لاتے ہیں کہ جن چیزوں کو کبھی دیکھا تک نا ہوان کی مختلف کیفیتوں اور حالتوں کو سمجھنا اور ان سے لطف اٹھا نا ممکن نہیں۔ مگر دلیل کو تجربے پر ترجیح دینا غلط ہے کیونکر کہوں کہ گل وبلبل ، نرگس و سنبل ، سرووشمشاد، شیریں وفرہاد، قیس ولیلیٰ، ہماوعنقا وغیرہ اردو شاعری سے خارج کردیئے جائیں۔''

سوال نمبر۲۔ ضروری نکات کے ساتھ صرف دو بندوں کی تشریح کیجئے۔ 20

۱۔ بندۂ مزدور کو جاکر میرا پیغام دے
خضر کا پیغام کیا ہے یہ پیام کائنات
اے کہ تجھ کو کھا گیا سرمایہ دارِ حیلا گر
شاخ آہو پر رہی صدیوں تلک تیری برات
دست دولت آفرین کو مزد یوں ملتی رہی
اہل ثروت جیسے دیتے ہیں غریبوں کو زکات
ساحر المُوط نے تجھ کو دیا برگ حشیش
اور تو اے بے خبر سمجھا اسے شاخ نبات
نسل، قومیت، کلیسا، سلطنت، تہذیب، رنگ
خواجگی ، نے خوب چن چن کر بنائے مسکرات

۲۔ تیری فضا دل فروز میری نوا سینہ سوز
تجھ سے دلوں کا حضور مجھ سے دلوں کی کشود
عرش معلّٰی سے کم سینۂ آدم نہیں
گرچہ کف خاک کی حد ہے سپہر کبود
پیکر نوری کو ہے سجدہ میسر تو کیا
اس کو میسر نہیں سوز و گدازِ سجود
کافر ہندی ہوں میں دیکھ میرا ذوق و شوق
دل میں صلوٰت و درود، لب پہ صلوٰۃ و درود
شوق میری لے میں ہے شوق میری نے میں ہے
نغمۂ اللہ ہو میرے رگ و پے میں ہے



www.sgbauonline.com

www.sgbauonline.com

۳۔ اے انفس و آفاق میں پیدا تری آیات
حق یہ ہے کہ ہے زندہ و پایندہ تری ذات
میں کیسے سمجھتا کہ تو ہے یا کہ نہیں ہے
ہر دم متغیر تھے خرد کے نظریات
محرم نہیں فطرت کے سرود ازلی سے
بینائے کواکب ہو کہ دانائے نباتات
آج آنکھ نے دیکھا تو وہ عالم ہوا ثابت
میں جس کو سمجھتا تھا کلیسا کے خرافات
ہم بندِ شب و روز میں جکڑے ہوئے بندے
تو خالقِ اعصار و نگارندہ آنات

۴۔ اس میں کیا شک ہے کہ محکم ہے یہ ابلیسی نظام
پختہ تر اس سے ہوئے خوئے غلامی میں عوام
ہے ازل سے ان غریبوں کے مقدر میں سجود
ان کی فطرت کا تقاضا ہے نماز بے قیام
آرزو اول تو پیدا ہوسکتی نہیں کہیں
ہو کہیں پیدا تو مر جاتی ہے یا رہتی ہے خام
یہ ہماری سعی پیہم کی کرامت ہے کہ آج
صوفی و ملا ملوکیت کے بندے ہیں تمام
طبع مشرق کے لئے موزوں یہی افیون تھی
ورنہ قوالی سے کچھ کم تر نہیں علم کلام



www.sgbauonline.com

www.sgbauonline.com

سوال نمبر۳۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا مفصل جواب دیجئے۔ 10

۱۔ سید مسعود حسن رضوی ادیب نے شاعری میں جذبات کی اہمیت کو کس طرح سمجھایا؟

۲۔ شاعری میں جدّت سے کیا مراد ہے؟

۳۔ شاعروں کے خیالات میں تضاد کی کیا وجہ ہے؟

**یا**

کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیے۔

۱۔ خضر راہ ۲۔ ساقی نامہ ۳۔ شعاع امید

سوال نمبر۴۔ مسعود حسن رضوی ادیب کے حالات زندگی اور ادبی خدمات کا جائزہ لیجئے۔ 20

**یا**

ڈاکٹر علامہ اقبال کے حالات زندگی پیش کرتے ہوئے ان کی نظمیہ شاعری کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔

سوال نمبر۵۔ کسی ایک عنوان پر اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔ 20

۱۔ اردو شاعری میں ہندوستانیت

۲۔ میرا پسندیدہ شاعر

۳۔ مولانا الطاف حسین حالی کی ادبی خدمات

۴۔ اردو ادب کی ترقی میں خواتین کا کردار

سوال نمبر۶۔ مندرجہ ذیل میں سے کن ہی پانچ صنعتوں کی تعریف مع مثالوں کے لکھئے۔ 10

۱۔ تضاد ۲۔ حسن تعلیل ۳۔ تلمیح

۴۔ مبالغہ ۵۔ استعارہ ۶۔ سیاقۃ الاعداد

۷۔ لف ونشر غیر مرتب ۸۔ تشبیہ



www.sgbauonline.com